# کلب کرکٹ کی رجسٹریشن کے لیے ہدایات نامہ

## کرکٹ کلبوں کی رجسٹریشن کا طریقہ کار:

پاکستان بھر میں کرکٹ کلبوں کی رجسٹریشن دو مرحلوں میں مکمل ہو گی۔

1: کرکٹ کلب کی رجسٹریشن کے لیے آن لائن درخواست جمع کروانا

2: متعلقہ کیٹگری کے حوالے سے کلبوں کے ڈیٹا کا اندراج

کلب کے صدر پر لازم ہو گا کہ وہ رجسٹریشن فارم خود بھرے تاہم وہ چاہے تو اس عمل میں کسی ایسے آپریٹر سے معاونت لے سکتا ہے کہ جو کمپیوٹر چلانا جانتا ہو۔

## 1: کلب رجسٹریشن کی آن لائن درخواست:

- آن لائن درخواست صرف صدر کی جانب سے خود مکمل کی جائے گی۔
- "کرکٹ کلب" ہر کلب کے نام کے اختتام پر لکھا جائے گا، جیسا کہ "پنجاب کرکٹ کلب"۔
- کارآمد شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، شناختی کارڈ کو دونوں اطراف سے کراس کر کے لکھا جائے کہ یہ "صرف پی سی بی کے لیے" ہے۔
- آن لائن درخواست 10 سے 24 مارچ 2021 کے دوران جمع کروائی جا سکتی ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی بھی صورت میں درخواست قابل قبول نہیں ہو گی۔

- رجسٹریشن کے لیے فیس 5000 روپے (ناقابل واپسی) مقرر کی گئی ہے، رجسٹریشن فیس فیصل بینک اور مسلم کمرشل بینک کی کسی بھی برانچ میں مندرجہ ذیل اکاؤنٹ نمبرز میں جمع کروائی جاسکتی ہے، ڈیپوزٹ سلپ / سکرین شاٹ کا فارم کے ساتھ منسلک ہونا ضروری ہے۔

| | |
|---|---|
| **Account Title:** | Pakistan Cricket Board |
| **Account No:** | 01871490001536 |
| **IBAN:** | PK85FAYS0001871490001536 |
| **Bank:** | **Faysal Bank Limited** |
| **Branch Address:** | Liberty Market Branch Lahore |

اور

| | |
|---|---|
| **Account Title:** | Pakistan Cricket Board |
| **Account No:** | 0862017281010397 |
| **IBAN:** | PK61MUCB0862017281010397 |

| | |
|---|---|
| **Bank:** | **Muslim Commercial Bank (MCB)** |
| **Branch Code:** | 1773 |
| **Swift Code:** | MUCBPKKA |
| **Branch Address:** | Gaddafi Stadium branch Lahore |

## ضروری دستاویزات:

- کلب کے صدر کی رنگین (نیلے پس منظر میں) ایک پاسپورٹ سائز (35زرب45ایم ایم) تازہ ترین تصویر
- کارآمد شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، شناختی کارڈ کو دونوں اطراف سے کراس کر کے لکھا جائے کہ یہ "صرف پی سی بی کے لیے" ہے۔
- جمع شدہ سلپ / اداشدہ رجسٹریشن فیس کا سکرین شاٹ

شناختی کارڈ کی فائل زیادہ سے زیادہ 300 کے بی (ایک جگہ پر) کی اپ لوڈ کی جاسکتی ہے اور جمع شدہ سلپ / سکرین شاٹ کی فائل زیادہ سے زیادہ 400 کے بی کی ہو سکتی

## 2: کلب، کھلاڑیوں اور ممبران کا آن لائن ڈیٹا:

- ہر آن لائن درخواست جمع ہونے پر پی سی بی کی طرف سے تصدیق کی جائے گی۔
- صدر کی تصدیق اس ترتیب سے مندرجہ ذیل طریقہ کار سے کی جائے گی جو کہ بعد میں کلب اور کھلاڑیوں کی معلومات فراہم کرے گا۔

1. فضل محمود ٹورنامنٹ 18-17 (جو پی سی بی کے زیر اہتمام منعقد ہوا) کے بعد سکروٹنی / الیکشن سے تیار کردہ فہرست
2. آخری فضل محمود ٹورنامنٹ (جو پی سی بی کے زیر اہتمام منعقد ہوا) کے مطابق تیار کردہ فہرست

3. اگر دو یا دو سے زیادہ صدور کی طرف سے ایک ہی کلب کے لیے درخواست جمع کروائی جاتی ہے یا کوئی نیا صدر جس کا کلب فضل محمود ٹورنامنٹ میں شرکت کر چکا ہے تو اس کی تصدیق مندرجہ ذیل طریقہ کار سے کی جائے گی:

ا: کلب صدر کی تبدیلی کی کاروئی پی سی بی کو جمع کروائی جائے گی۔

ب: صدر کا امیدوار جو متعلقہ کلب کے الیکٹرول کالج کے زیادہ سے زیادہ ووٹ حاصل کرے گا

<u>نوٹ:</u> کسی بھی کلب کا الیکٹرول کالج ایسے تمام کھلاڑی ہوں گے جنہوں نے فضل محمود ٹورنامنٹ کے تازہ ترین ایڈیشن میں شرکت کی ہو اور ان کے لیے عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔

4: نئے کلب نئے صدر

5: ایسے تمام کلب جو آرگنائزیشن / کمپنیوں کے نام مثال کے طور کوکا کولا، پیپسی، سروس اور باٹا وغیرہ کا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو انہیں صرف اس کمپنی کے مجاز نمائندے کے اجازت نامے فراہم کرنے کی صورت میں ہی رجسٹریشن کی اجازت ہو گی

6: دو یا دو سے زیادہ صدور جو ایک ہی کلب کے دعویدار ہوں یا دو کلب ایک ہی نام سے ظاہر ہو رہے ہوں تو انہیں متنازعہ تصور کیا جائے گا اور ایسے کیسز کو بعد میں نمٹایا جائے گا۔

- پی سی بی تصدیق کے حامل صدور کو آن لائن درخواست فارم میں لکھے گئے موبائل نمبر یا ای میل ایڈریس پر پر رابطہ کرے گا۔ درخواست کے اختتام کی تاریخ کے 15 دن کے اندر کلبوں کی ممبر شپ کیٹگریز اور کھلاڑیوں اور کلب ممبران کے ڈیٹا کے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔
- آن لائن درخواست میں فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر پی سی بی کی طرف سے متعلقہ لنک کے یوزر کا نام اور پاس ورڈ صدر کو بھیجے گا۔ ای میل کے موصول ہونے کے 7 دن کے اندر درکار معلومات فراہم کرنا ضروری ہو گی۔
- درخواست دہندہ تمام متعلقہ کارروائیوں کو مکمل کرنے پر آن لائن رجسٹریشن کی درخواست جمع کروائے گا، اس کے علاوہ فارم کو دستاویزات کی صورت میں صدر اور کھلاڑیوں کے دستخط اور انگوٹھے کے نشانات کے ساتھ مقررہ تاریخ میں جمع کروانا ہو گی۔

| Cricket Association | Address | Contact No |
|---|---|---|
| Khyber Pakhtunkhwa | Abbottabad Cricket Stadium Abbottoabad | Chairperson Khyber Pakhtunkhwa Cricket Association |
| Northern | Rawalpindi Cricket Stadium Double Road, Rawalpindi | Chairperson Northern Cricket Association |
| Central Punjab | Gaddafi Stadium Lahore | Chairperson Central Punjab Cricket Association |
| Southern Punjab | Multan Stadium Vehari Road, Multan | Chairperson Southern Punjab Cricket Association |
| Baluchistan | Bugti Stadium Quetta | Chairperson Balochistan Cricket Association |
| Sindh | National Cricket Stadium Stadium Road, Karachi | Chairperson Sindh Cricket Association |

## ممبر شپ کی کیٹگریز اور درکار معلومات:

کلبوں کی رجسٹریشن کے لیے ممبر شپ کے لیے مندرجہ ذیل تین کیٹگریز مقرر کی گئی ہے:

ا۔ ایفیلیٹ ممبر شپ (صرف کھیلنے کا اختیار)

ب۔ ایسوسی ایٹس ممبر شپ (کھیلنے اور ووٹنگ کا اختیار)

ج۔ فل ممبر شپ (کھیلنے اور ووٹنگ کا اختیار)

درخواست دہندہ صرف ایک کیٹگری کے لیے درخواست جمع کرواسکتا ہے۔

ایسا کوئی بھی کلب جو سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن ممبر کی حیثیت سے الحاق یا پہچان چاہتا ہے وہ متعلقہ کیٹگری کے لیے آن لائن فارم میں مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کرے گا۔

ایفیلیٹ ممبرشپ:

1. کم از کم تین ووٹنگ ممبران
2. 18 پلیئنگ ممبران ہونا ضروری ہے (اس کے لیے ووٹنگ اور نان ووٹنگ ممبران ہونا ضروری نہیں)
3. کلب کے صدر یا کلب کے معالات چلانے والی جگہ کا پوسٹل ایڈریس
4. ای میل ایڈریس جو استعمال میں ہو
5. ووٹنگ ممبران سالانہ ممبرشپ فیس (5000) جمع کروانے کا اقرارنامہ پیش کریں گے
6. ووٹنگ ممبران کے لیے ضروری ہے پاکستان کرکٹ بورڈ کے ماڈل آئین اور متعلقہ قوانین کی پابندی کرنے کا اقرارنامہ جمع کروائیں

**ایسوسی ایٹ ممبران:**

1. پی سی بی کی ویب سائیٹ پر دستیاب کلب کرکٹ کے نئے ماڈل آئین کو اختیار کیا ہو
2. ماڈل آئین سے متعلق مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانی ہوں گی

ا: جنرل باڈی میٹنگ کا نوٹس

ب: شرکاء کی طرف سے دستخط شدہ حاضری شیٹ

ج: جنرل باڈی میٹنگ کی تفصیلات

د: کلب کے منتخب عہدداروں کا نوٹیفکیشن، کارآمد ای میل اور پوسٹل ایڈریس

3: کم از کم دس ووٹنگ ممبران

4: کم از کم 18 کھلاڑی ممبران (ووٹنگ / نان ووٹنگ) جن میں دو ممبران کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو۔

5: کھلاڑیوں کے کھیلنے کے لیے رولز کے مطابق نیٹ پریکٹس ایریا جہاں کھیل کے قابل پچز، ٹرف / سیمنٹ پچ دستیاب ہوں، متعلقہ اتھارٹی یا مالک کی طرف این او سی جس میں اجازت دی گئی ہو کہ یہ جگہ نیٹ پریکٹس کے لیے استعمال ہو رہی ہے، این او سی میں مندرجہ ذیل معلومات درج ہوں:

- نیٹ پریکٹس انتظامات کے استعمال کی تفصیلات
- کلب سے کرایہ وصول کیا جارہا ہو
- این او سی جاری کرنے کی تاریخ اور معینہ مدت کا اندراج
- مالک کی طرف سے جگہ کی ملکیت کے ثبوت اور متعلقہ جگہ / ایریا پر این او سی جاری کرنے کا اختیار رکھتا ہو

6: اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی دوسرا کلب اس کلب کی پچ کو ایک ہی وقت میں استعمال نہ کرے

7: اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ ووٹنگ اور نان ووٹنگ ممبران یا کھلاڑی ممبر ایک ہی وقت میں کسی دوسرے الحاق کلب، ایسوسی ایشن کا ممبر نہ ہو

8: ووٹنگ ممبران کے لیے ضروری ہے وہ تحریری صورت میں یہ یقینی دہانی دیں کہ وہ پی سی بی کے ماڈل آئین اور پی سی بی کے مجوزہ قوانین کی پابندی کا اقرار نامہ جمع کروائیں گے

## فُل ممبرشپ:

کسی بھی کرکٹ کلب کو فُل ممبر شپ اُس صورت میں دی جائے گی جب وہ ایسوسی ایٹ ممبر کے لیے مقررہ معیار پر پورا اترتے ہوئے مندرجہ ذیل طریقہ کار پر عمل کرے گا:

1. کم از کم پندرہ ووٹنگ ممبران
2. بورڈ کی پالیسی کے مطابق صرف کرکٹ کے لیے مختص گراؤنڈ جو کسی دوسرے کلب کے استعمال میں نہ ہو
3. مخصوص معیار کے مطابق مختص متعدد نیٹس
4. تین سے زائد ٹرف پچز
5. آپریشن اور انتظامی معاملات چلانے کے لیے مخصوص دفتر موجود ہے

## سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن (سی سی اے) کے پہلے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی اجازت:

اسکروٹنی کے پہلے مرحلے میں ایسے کرکٹ کلب جنہوں نے پی سی بی کی طرف سے منعقدہ فضل محمود ٹورنامنٹس میں سے کسی ایک میں شرکت کی ہو اور وہ فُل اور ایسوسی ایٹ ممبرز کے اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو، اسے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی جائے گی۔

ایسے کرکٹ کلب جو ایسوسی ایٹ ممبر اور فُل ممبر شپ کا مندرجہ بالا طریقہ کار پورا کریں مگر ان کلبوں نے پی سی بی کی طرف سے منعقد کردہ فضل محمود ٹورنامنٹ میں شرکت نہ کی ہو، ان کو پہلی رجسٹریشن پر سی سی اے کے الیکشن میں ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ اس کے بعد رجسٹریشن / ایفیلیشن کے لیے آپریشن اور کلبوں کے الحاق کے رولز 2020 کے مطابق کی جائے گی۔

## متعلقہ دستاویزات:

تازہ ترین رنگین تصویر (45 ضرب 35) سائز ہر کھلاڑی اور ممبر کے لیے

ووٹنگ اور نان ووٹنگ پلیئنگ ممبر کے شناختی کارڈ کی کاپی

18 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کا ب فارم

زیادہ سے زیادہ 300KB کی فائل (ایک جگہ پر) اپ لوڈ کی جا سکے گی

کھلاڑی کسی بھی دوسرے کلب میں بورڈ کے مخصوص دورانیہ میں ہی صرف منتقل ہو سکتا ہے

**<u>نوٹ:</u>**

1. ایسوسی ایٹ ممبر کلب اور الحاق شدہ کلب میں رجسٹرڈ ممبران / کھلاڑیوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ 30 ہو گی۔ اگر فُل ممبر کلب ایک ٹیم بنانا چاہتا ہے تو اس کے لیے زیادہ سے زیادہ 40 کھلاڑی کی شمولیت کی اجازت ہو گی۔ اگر ان کے کھلاڑیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہو گی تو وہ ایک سے زیادہ ٹیم رجسٹرڈ کلب ٹورنامنٹس میں کھیلا سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر وہ 80 سے زائد کھلاڑی رجسٹر کرنا چاہتا ہے تو انہیں دو سے زیادہ ٹیمیں تیار کرنی ہوں گی۔

2. سی اے / آئی ای سی کے کسی بھی فیصلے رجسٹریشن، الحاق یا اسکروٹنی کے عمل کے بارے میں کوئی شکایت ہو تو پی سی بی کے آئین کی دفعہ 37 کے تحت کارروائی کی جائی گی۔

3. سی اے کے مکمل ممبر الحاق / ایسوسی ایٹ کے نوٹیفیکشن کی تاریخ سے ایک سال بعد معینہ مدت ختم ہونے پر پی سی بی کے ماڈل آئین میں درج (CAs,CCAs) کے لیے طریقہ کار کے مطابق تمام کلبوں کو کلبوں کی شناخت کا مطلوبہ معیار پورا کرنا ہو گا۔ کلب، ایفیلیٹ کلب اور آپریشنز کے قواعد لاگو ہوں۔

4. کلب رجسٹریشن فارم جمع کروانے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہو گا کہ کلب رجسٹر ہو چکا ہے کیونکہ یہ عمل انسپکٹر کی طرف سے کلب کی جانچ پڑتال کے تابع ہو گا۔ کلب کی مطلوبہ ممبر شپ کے لیے مطلوبہ معیار پورا کرنا ہو گا۔

کلب رجسٹریشن سے متعلق مزید تفصیلات کے لیے پی سی بی کے ہیلپ لائن نمبر (042-99030128) **صبح 9 سے شام 5 بجے تک** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:**

**اردو متن میں ابہام یا کمی کی صورت میں انگریزی متن سے رجوع کیا جائے گا اور اسی کو مستند مانا جائے گا۔**